## متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پرحق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی اورسینٹرز نے اپنی ایک ماہ کی تنخواہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے امدادی فنڈ میں جمع کرانے کا اعلان کردیا ہے

کراچی۔۔۔۔14مئی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پرمتحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی اورسینیٹرز نے اپنی ایک ماہ کی تنخواہ سوات دیر، بونیر اورشانگلہ سے نقل مکانی کرنے والے متاثرہ خاندانوں کی بحالی کیلئے امدادی فنڈ میں جمع کرنے کا اعلان کیا ہے۔حق پرست اراکین پارلیمنٹ اپنی ایک ماہ کی تنخواہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے امدادی فنڈ میں جمع کرائیں گے جو بعدازاں وزیراعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی کے خصوصی ریلیف فنڈ میں کرادی جائے گی۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے سوات، دیر، بونیراور مالاکنڈ ڈویژن کے متاثرین کیلئے لاکھوں روپے مالیت پرمشتمل امدادی سامان کی ایک اورکھیپ روانہ کردی گئی

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین نے امدادی کھیپ اپنی نگرانی میں روانہ کی

کراچی۔۔۔14مئی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام سوات، بونیر، دیراور مالاکنڈ سے نقل مکانی کرنیوالے لاکھوں متاثرین کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر کراچی سے لاکھوں روپے مالیت پرمشتمل امدادی سامان کا ٹرک بدھ کے روز رابطہ کمیٹی کے اراکین شعیب بخاری،سلیم تاجک،شاکرعلی، ڈاکٹرصغیراحمداورخدمت خلق فاؤنڈیشن کی میجنگ کمیٹی کے اراکین نے اپنی نگرانی میں روانہ کیا۔واضح رہے کہ یہ امدادی کھیپ نیشنل ڈیزاسٹرمینجمنٹ اتھارٹی کے توسط سے متاثرین تک پہنچائی جائے گی ۔ان امدادی اشیاء کے پیکٹس میں ایک ماہ کا مکمل راشن موجود ہے جس میں آٹا، چاول، دالیں، گھی، خشک دودھ، نمک، شکر، چائے کی پتی اور پاپوں کے علاوہ روزمرہ استعمال کی اشیاء صابن، ٹوتھ پیسٹ، برتن، ماچس، لالٹن، موم بتی سمیت دیگراشیاء شامل ہیں۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے متاثرین کی امداد کیلئے پیکٹس کی تیاری پراطمینان کا اظہار کیااورموقع پرموجودرضا کاروں سے امدادی سامان کی تفصیل معلوم کیں۔انہوں نے سخت گرمی کے باوجودامدادی پیکٹس کی تیاریوں میں مصروف خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں اورایم کیوایم کے کارکنان کی ہمت افزائی کی اورانہیں قائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے شاباش دی۔دریں اثناء سوات، بونیراور مالاکنڈ کے متاثرہ خاندانوں کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدردفترواقع فیڈرل بی ایریامیں امدادی سامان جمع کرانے کا سلسلہ جاری ہے۔

## پارلیمنٹ لارجز میں ایم کیوایم کے قومی اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈرسید حیدرعباس رضوی نے سوات، دیر، بونیر کے متاثرہ خاندان کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے موصول شدہ امدادی سامان کا دوسراٹرک نیشنل ڈیزاسٹرمینجمنٹ کے حکام کے حوالے کیا

اسلام آباد۔۔۔14مئی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پرایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے لاکھوں روپے مالیت پرمشتمل امدادی سامان کا دوسراٹرک ایم کیوایم کےقومی اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈرسید حیدرعباس رضوی نے پارلیمنٹ لارجز میں نیشنل ڈیزاسٹرمینجمنٹ اتھارٹی کے حکام کے حوالے کیا۔اس موقع پر میڈیا سے گفتگوکرتے ہوئے سید حیدرعباس رضوی نے کہا کہ ایم کیوایم نے کشمیراورسرحد میں زلزلہ کے موقع پرسب سے پہلے امدادی ٹیمیں اورسامان بھیجا تھااسی طرح جب مالاکنڈ میں آپریشن شروع کیا گیاتو قائدتحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پرسب سے پہلے ایم کیوایم نے دس لاکھ روپے کی مالیت کا سامان سوات، دیراور بونیر کے بہن بھائیوں کے لئے ارسال کیا۔انہوں نے کہا کہ آج بھی دس لاکھ روپے کی مالیت کا سامان جس میں خشک اجناس، ادویات، دریاں اورضروریات زندگی کا دیگرسامان شامل ہے ہم نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے حوالے کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے اس سلسلے کوجاری رکھنے کیلئے کراچی میں امدادی سامان جمع کرانے کیلئے کیمپ قائم کردیئے ہیں جہاں جمع ہونے والا سامان پی آئی اے، ایئرفورس اورریلوے کے ذریعے براہِ راست متاثرین کے کیمپوں میں بھجوارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ مصیبت کی اس گھڑی میں ایم کیوایم اپنے دکھی بہن بھائیوں کی ہرممکن مددکرے گی۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ سیکورٹی فورسزاس بات کویقینی بنائیں کہ شہریوں کی جان ومال کا نقصان کم سے کم ہواوراس وقت تک کوئی فضائی حملہ نہ کیا جائے جب تک عام شہری ان علاقوں سے نکل نہ جائیں۔اس موقع پرحق پرست اراکین قومی اسمبلی عبدالوسیم، طیب حسین، سفیان یوسف، شگفتہ صادق ، کشورزہرہ اورایم کیوایم اسلام آباد کے آرگنائزرزاہدملک بھی موجود تھے۔

## بجلی کا بحران شہر کراچی بلکہ ملک کی ترقی وخوشحالی پر کاری ضرب ہے، حق پرست اراکین قومی اسمبلی

## کے ای ایس سی کی نااہل انتظامیہ سے ادارے کو فی الفور واپس لیا جائے اور کے ای ایس سی کی بہتری کیلئے حکومتی سطح پر مثبت رائے اور سوچ کا پیدا ہونا ملک و قوم کیلئے بڑا احسان ہوگا

کراچی ۔۔۔14 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے کراچی میں شدید گرمی اور حبس کے موسم میں طویل دورانئے کی لوڈ شیڈنگ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور بجلی کے بحران کو نہ شہر کراچی بلکہ ملک کی ترقی وخوشحالی پر کاری ضرب قرار دیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ بجلی کی غیر اعلانیہ اور طویل لوڈ شیڈنگ کے باعث شہر کی کاروباری، تعلیمی، صنعتی اور تجارتی سرگرمیاں متاثر ہورہی ہیں اور شہریوں کی زندگیاں موسم گرما میں اذیت میں
مبتلا ہوکر رہ گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بجلی جانے کے بعد شہری بجلی آنے کا انتظار ہی کرتے رہتے ہیں اور راتوں میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ کے باعث سکون کی نیند تک سے محروم ہوگئے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کے بحران سے نجات کیلئے موجودہ حکومت کو ہنگامی نوعیت کے اقدامات کرنا چاہئے اور شہریوں کو آئے روز کی ذہنی اذیت سے نجات دلا کر انہیں فی الفور سکون میسر کرنے کیلئے مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔ حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے صدر آصف علی زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں بجلی کی غیر اعلانیہ اور طویل دورائے کی لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ فی الفور بند کرایا جائے، کے ای ایس سی کی نااہل انتظامیہ سے ادارے کو فی الفور واپس لیا جائے اور کے ای ایس سی کی بہتری کیلئے حکومتی سطح پر مثبت رائے اور سوچ کا پیدا ہونا ملک وقوم کیلئے بڑا احسان ہوگا۔

## تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر ایم کیو ایم ناظم آباد سیکٹر کے کارکن ارشد مغل کو غیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا گیا

کراچی ۔۔۔14 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی کرنے کی بناء پر ایم کیو ایم ناظم آباد سیکٹر یونٹ 169 کے کارکن ارشد مغل ولد اختر مغل کو غیر معینہ مدت کیلئے تنظیم سے معطل کردیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان کو سختی سے ہدایت کی کہ ہے کہ وہ مذکورہ بالا شخص سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

## ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر کے کارکن محمد اقبال کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔14 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 79 کے کارکن محمد اقبال کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر کے بزرگ کارکن کی والدہ محترمہ، نارتھ ناظم آباد سیکٹر کے کارکن کے بھائی اور کورنگی سیکٹر کے کارکن محمد اقبال کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔14 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 79 کے کارکن محمد اقبال، ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 76 کے بزرگ کارکن خلیل احمد کی والدہ محترمہ ہوا بختی اور ایم کیو ایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ B-143 کے کارکن صلاح الدین کے بھائی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی
جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆